## عدلیہ اور حکومت کے درمیان محاذ آرائی جمہوریت کیلئے کسی بھی طرح خوش آئند قرار نہیں دی جاسکتی، الطاف حسین

### ملک وقوم اور جمہوریت کے بہتر مستقبل کیلئے حتی الامکان محاذ آرائی سے گریز کیا جائے

### حکومت اور عدلیہ کے مابین محاذ آرائی پر اظہار تشویش

لندن۔۔۔۔14، فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حکومت اور عدلیہ کے مابین محاذ آرائی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک وقوم کو انتہائی نازک صورتحال کا سامنا ہے اوران حالات میں عدلیہ اور حکومت کے درمیان محاذ آرائی جمہوریت کیلئے کسی بھی طرح خوش آئند قرار نہیں دی جاسکتی۔ جناب الطاف حسین نے ارباب اختیار سے دردمندانہ اپیل کی کہ ملک وقوم اور جمہوریت کے بہتر مستقبل کیلئے حتی الامکان محاذ آرائی سے گریز کیا جائے ،مفاہمت کی فضا برقرار رکھی جائے اور آئین وقانون کی بالادستی کیلئے دانشمندانہ فیصلے کئے جائیں۔

## دہشت گرد ملک بھر میں بم دھماکوں کے بعد اب سندھ کے امن کو غارت کرنا چاہتے ہیں، الطاف حسین

### دادو میں بم دھماکے پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔14، فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے دادو میں بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دھماکے میں بے گناہ افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گرد ملک بھر میں بم دھماکوں کے بعد اب سندھ دھرتی کے امن کو غارت کرنا چاہتے ہیں اور بم دھماکوں کے ذریعے ملک کو عدم استحکام سے دوچار کررہے ہیں۔انہوں نے بم دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ دادو میں بم دھماکے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، سندھ دھرتی سے دہشت گردوں کا فی الفور خاتمہ کیا جائے اور عوام کی جان ومال کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے دہشت گردوں کے خلاف سخت سے سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے۔

## کراچی الیکٹرونکس مارکیٹ ڈیلرز کے وفد کی ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے ارکان اور سٹی ناظم مصطفیٰ کمال سے ملاقات

### تاجر وفد کا کراچی میں سانحہ بولٹن مارکیٹ کی بحالی کیلئے 10 لاکھ کا عطیہ سٹی ناظم کو پیش کیا

### شہر کی ترقی وخوشحالی کے کاموں پر الطاف حسین اور مصطفیٰ کمال کو زبردست خراج تحسین

کراچی۔۔۔14، فروری 2010ء

کراچی الیکٹرونکس مارکیٹ ڈیلرز ایسوسی تاجروں کے ایک سات رکنی نمائندہ وفد نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز خورشید بیگم میموریل ہال میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیر ڈاکٹر فاروق ستار دیگر ارکان رضا ہارون، وسیم آفتاب، توصف خانزادہ اور ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال سے ملاقات کی۔ وفد میں کراچی الیکٹرونک ڈیلرز ایسوسی ایشن کے صدر محمد ادریس، جنرل سیکریٹری عبدالرشید نورانی، چیئرمین سی پی ایل وموبائل کمیٹی محمد امین، فنانس سیکریٹری سید محمد اسد، ڈائریکٹر یونائیٹڈ موبائل جاوید شکور، آزاد لالانی اور عدنان صوبہ دار کے علاوہ صدر ٹاؤن ناظم محمد دلاور شامل تھے۔ وفد کچھ دیر تک ان کے ہمراہ رہا اور باہمی دلچسپی کے اہم امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وفد نے کراچی میں ترقیاتی منصوبوں پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اور سٹی ناظم مصطفیٰ کمال کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور اپنی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی اور اپنی ایسوسی ایشن کی جانب سے سانحہ بولٹن مارکیٹ کی بحالی کیلئے ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو سٹی گورنمنٹ کے فنڈ میں 10 لاکھ روپے کا چیک بھی جمع کرایا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے تاجروں کے وفد کو یقین دلایا کہ ایم کیوایم تاجروں کے مسائل سے بخوبی واقف ہے اوراس کے حل کیلئے ہرممکن تعاون کرے گی۔انہوں نے کہا کہ کراچی کے تاجروں کی سماجی خدمات کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔

## عوام وکارکنان کشورزہرہ کی والدہ کی صحت یابی کیلئے دعا کریں،الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔14،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج وحق پرست رکن قومی اسمبلی کشورزہرہ کی والدہ اعلیٰ فاطمہ کی علالت پر گہری تشویش کا اظہارکیاہے اوران کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام وکارکنان سے خصوصی اپیل کی ہے کہ وہ کشورزہرہ کی والدہ اعلیٰ فاطمہ کی جلدومکمل صحت کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضورخصوصی دعا کریں۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیرسیدشعیب احمد بخاری ایڈووکیٹ اوررکن رابطہ کمیٹی آنسہ ممتازانوار نے مقامی اسپتال جاکرشعبہ خواتین کی انچارج کشورزہرہ کی والدہ اعلیٰ فاطمہ کی عیادت کی اورقائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے ان کی خیریت دریافت کی۔وہ کچھ دیروہاں رہےاورانہوں نے اعلیٰ فاطمہ کی جلدومکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔

## صحافی اختر انجم سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔14،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مقامی صحافی اختر انجم کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## متحدہ قومی موومنٹ آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے،وسیم قریشی

## اسکول ایجوکیشن (سندھ) میں تنظیم نو کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس سے خطاب

## اجلاس میں ایجوکیشن یونٹ کے نومنتخب ذمہ داروں کے ناموں کا اعلان کیا گیا

کراچی۔۔۔14،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبرڈویژن کےانچارج وسیم قریشی نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز اسکول ایجوکیشن (سندھ) میں تنظیم نو کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں کارکنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پرانہوں نے ایجوکیشن یونٹ کےنومنتخب ذمہ داران کے ناموں کا اعلان بھی کیا۔وسیم قریشی نے محنت کشوں کومخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ جس ادارے سے منسلک ہیں وہاں لوگ پھول سے بچوں کو آپ کے پاس بھیجتے ہیں تاکہ آپ ان کی بہترطور پرتربیت کرکےانہیں قوم کے مستقبل کا معمار بنانے میں اہم کرداراداکرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ بھی آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل کیلئے جدوجہد کررہی ہےاورانشاءاللہ ایک دن ضرورایم کیوایم کی حق پرستانہ تحریک کامیابی سے ہمکنار ہوگی۔انہوں نے ایجوکیشن یونٹ کےنومنتخب ذمہ داران کومبارکبادپیش کی اورانہیں تلقین کی کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کوقائدتحریک جناب الطاف حسین کےفکروفلسفہ اورنظریئے کےتحت انجام دیں گےتوایجوکیشن یونٹ مضبوط ہوگااور یہاں تحریکی ساتھیوں میں مزیداضافہ ہوگا۔

☆☆☆☆☆